# سالانہ امتحانات و نتائج

سابقہ روایات کے مطابق جامعہ میں سالانہ امتحانات ۲ شعبان المعظم ۱۴۱۸ھ بمطابق ۳ دسمبر ۱۹۹۷ء بروز بدھ شروع ہوئے اور ۱۰ شعبان بمطابق ۱۱ دسمبر بروز جمعرات کو اختتام پذیر ہوئے۔ اور ۱۱ شعبان بمطابق ۱۲ دسمبر بروز جمعۃ المبارک مرکزی جامع مسجد اہلحدیث چوک اہل حدیث میں نماز جمعہ کے فوراً بعد مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر حفظہ اللہ تعالیٰ نے نتائج کا اعلان کیا اور ہر شعبہ میں اول۔ دوم۔ سوم آنے والے طلبا میں انعامات بھی تقسیم کئے۔

اس اعتبار سے جامعہ کا موجودہ تعلیمی سال ۱۱ شعبان بمطابق ۱۲ دسمبر کو بخیر و خوبی ختم ہوا

یاد رہے کہ جامعہ کے تمام شعبہ جات ہ۔ (قسم الدراسات الاسلامیۃ والعربیہ۔ قسم تحفیظ القرآن الکریم۔ قسم التجوید والقراءۃ۔ قسم قراءۃ القرآن نظراً) مع فروعات پر مشتمل تھا۔ اس لحاظ سے امتحان میں شریک ہونے والے طلبہ کی مجموعی تعداد ۹۸۷ تھی۔ مجموعی اعتبار سے نتیجہ ۹۳ فیصد تھا۔ الحمد للہ۔

# موت العالم موت العالم

## حضرت مولانا قاری محمد یحییٰ صاحب بھوجیانی کا سانحہ ارتحال

۳ نومبر بروز سوموار بھوجیان کی بقیۃ السلف شخصیت استاذ الاساتذۃ جماعت مجاہدین پنجاب کے امیر اور جامعۃ اسلامیۃ گوجرانوالہ کے شفیق و مہربان، مربی، و استاذ حضرت مولانا قاری محمد یحییٰ صاحب انتقال فرماگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ حضرت قاری صاحب ایک خاموش طبع انسان، عظیم مجاہد بلکہ استاذ المجاہدین محض رضائے الٰہی کی خاطر دین اسلام کی ترویج و اشاعت اور راہ جہاد پر گامزن تھے۔ جہاد افغانستان کے آغاز ہی میں متحرک ہوگئے تھے ان کی وفات سے جماعت اور جامعہ اسلامیہ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے۔

## حضرت مولانا حافظ محمد قاسم خواجہ کی وفات

مشہور عالم دین اور قلمکار حضرت مولانا حافظ محمد قاسم خواجہ خطیب مسجد اقصیٰ اہلحدیث مدرس جامعہ اسلامیۃ سلفیہ گوجرانولہ ۱۹ دسمبر بروز جمعۃ المبارک دوران نماز تشہد کی حالت میں اس جہان فانی سے رخصت ہوئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔